موضوع - 1

# بارش کے پانی کو محفوظ کرنا Rain water Harvesting

## مقاصد Objectives

1۔ پانی کی اہمیت کو سمجھنا

2۔ بارش کے پانی کو بینتے ظ کرنے کے طریقوں کو سمجھانے کی سرگرمیوں میں حصہ لینا

## پس منظر Background

پانی کے بغیر زندگی نہیں ہوتی بارش اور برف خالص پانی کے ذرائع ہیں۔ندیاں، جھیلیں، زیرزمین پانی، اور دیگر پانی کے ذرائع کا انحصار اوپر بتائے ہوئے دواہم ذرائع ہی کے ذریعہ پانی حاصل کرتے ہیں۔ان حالات میں پانی کا بڑا حصہ ضائع ہوتا ہے۔آبادی کے اضافے سے، ترقیاتی کاموں کی وجہ سے پانی کا استعمال بڑھتا جارہا ہے۔اس وجہ سے پانی کے ذرائع کی قلت بڑھتی جارہی ہے۔ان حالات میں پانی کے استعمال میں کفایتی طریقے استعمال کرنا ضروری ہے۔پانی کا ہرقطرہ قیمتی ہے۔پانی کے استعمال کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کا طریقہ بہت اہم ہے۔

## طریقہ کار Methodology

1۔ ملک کے مختلف علاقوں میں بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے طریقوں کے بارے میں ہفتہ وار، ماہانہ رسالوں وغیرہ کے ذریعہ معلومات حاصل کیجیے۔

2۔ ہماری ریاست میں فی الحال پانی کو محفوظ کرنے کے طریقوں کو معلوم کیجیے۔

3۔ ایسے دو علاقوں کا مشاہدہ کیجیے جن میں ایک وہ جہاں پانی کو محفوظ کرنے کے طریقوں کو اختیار کرتے ہیں اور جو اختیار نہیں کرتے۔گھروں کی ضرورتوں کے لیے پانی کی دستیابی اور استعمال کی تفصیلات کا تقابل کیجیے۔






## استدلالی خلاصہ Conclusion

پانی کے بغیر ہم روزمرہ کام انجام نہیں دے سکتے ؟ بہت سے لوگ یہ خیال کرکے کہ پانی مفت حاصل ہوتا ہے ! اس کو اپنی مرضی کے مطابق



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔

استعمال کرتے ہیں۔ غیر ذمہ داری کا برتاؤ کرتے ہیں۔ ہم سب یہ جان چکے ہیں کہ پانی کتنا قیمتی ہے اس لیے پانی کو کفایت کے ساتھ استعمال کرنے کی عادت ڈالنا چاہیے۔ یہ کرنا ایسا ہے جیسا کہ ہم نے پانی کے ذرائع کی حفاظت کی۔ یہ کام اگر چہ چھوٹے ہیں لیکن ان سے بڑے نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

آیئے اب ہم بارش کے پانی کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے مزید کیا طریقے استعمال کر سکتے ہیں غور کریں گے۔

گھر کی چھت پر برسنے والے بارش کے پانی کو پائپوں کے ذریعہ گلیوں اور پھر نالوں میں بہنے سے بچا کر گھر کے پودوں میں پہنچانے کا انتظام کرنا چاہیے۔

اپنے گھر میں، گلی میں، مدرسوں میں پانی ذخیرہ کرنے کے گڑھے بنائے جائیں۔

بارش کے پانی کو جمع کر کے ڈبوں میں ذخیرہ کر کے گھر کی ضروریات میں ہی استعمال کر سکتے ہیں۔ گھر میں پانی آسانی سے حاصل ہونے پر بھی ایسا کر کے بجلی کے خرچ کو بھی بچا سکتے ہیں۔

ہم مزید کیا کر سکتے ہیں غور کریں گے۔

- ☆ پانی پیتے وقت گلاس کو اوپر اٹھا کر پینے کی عادت ڈالنے سے گلاس کو دوبارہ استعمال کرتے وقت دھونے کے لیے پانی کو ضائع کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔
- ☆ ہاتھ پاؤں دھوتے وقت پودوں کی جھاڑی میں دھوئیں تو پانی پودوں کے استعمال میں آتا ہے۔
- ☆ کپڑوں کو کم گاڑھے صابن کے پانی سے دھوئیں تو اس پانی کو پودوں کو پہنچا سکتے ہیں۔ کسی بھی صابن کو استعمال کرنے پر بھی صابن کے پانی کو کچھ دیر رکھ کر اس کو ٹائلٹ دھونے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
- ☆ نہائے ہوئے پانی کو بھی ڈرینیج میں چھوڑ کر ضائع کرنے کے بجائے پودوں میں چھوڑنا چاہیے۔
- ☆ آپ کے حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر رپورٹ تیار کیجیے۔

## مزید کارروائی Follow-up

1۔ بارش کے پانی کے استعمال کے طریقوں کے تقابلی مطالعے کی بنیاد پر آپ اپنے علاقے کے لیے بہترین طریقے کی سفارش کیجیے۔

2۔ آپ کے اسکول/ مکان/ مقام میں بارش کے پانی کے استعمال پر عمل کرنے کے لیے زور دیجیے۔